صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا

اسمبلی کا اجلاس، اسمبلی چیمبر پشاور میں بروز سوموار مورخہ 16 نومبر 2015ء بمطابق 03 صفر 1437 ہجری بعد از دوپہر تین بجکر پندرہ منٹ پر منعقد ہوا۔

جناب سپیکر، اسد قیصر مسند صدارت پر متمکن ہوئے۔

تلاوت کلام پاک اور اسکا ترجمہ

اَعُوذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیۡطٰنِ الرَّجِیمِ۔ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیمِ۔

إِنَّ بَطۡشَ رَبِّكَ لَشَدِيدٌO إِنَّهُۥ هُوَ يُبۡدِئُ وَيُعِيدُO وَهُوَ ٱلۡغَفُورُ ٱلۡوَدُودُO ذُو ٱلۡعَرۡشِ ٱلۡمَجِيدُO فَعَّالٌ لِّمَا يُرِيدُO هَلۡ أَتَىٰكَ حَدِيثُ ٱلۡجُنُودِO فِرۡعَوۡنَ وَثَمُودَO بَلِ ٱلَّذِينَ كَفَرُواْ فِي تَكۡذِيبٍO وَٱللَّهُ مِن وَرَآئِهِم مُّحِيطُۢO بَلۡ هُوَ قُرۡءَانٌ مَّجِيدٌO فِي لَوۡحٍ مَّحۡفُوظِۭ۔

(ترجمہ): بے شک تمہارے پروردگار کی پکڑ بڑی سخت ہے۔ وہی پہلی دفعہ پیدا کرتا ہے اور وہی دوبارہ (زندہ) کرے گا۔ اور وہ بخشنے والا اور محبت کرنے والا ہے۔ عرش کا مالک بڑی شان والا۔ جو چاہتا ہے کر دیتا ہے۔ بھلا تم کو لشکروں کا حال معلوم ہوا ہے۔ (یعنی) فرعون اور ثمود کا۔ لیکن کافر (جان بوجھ کر) تکذیب میں (گرفتار) ہیں۔ اور خدا (بھی) ان کو گردا گرد سے گھیرے ہوئے ہے۔ (یہ کتاب ہزل و بطلان نہیں) بلکہ یہ قرآن عظیم الشان ہے۔ لوح محفوظ میں (لکھا ہوا)۔ و آخِرُ الدَعْوَانا اَنِ اَلۡحَمۡدُ لِلّٰہِ رَبِّ الۡعٰلَمِینَ۔

جناب سپیکر: جزاکم اللہ۔

غیر نشاندار سوال اور اس کا جواب

Mr. Speaker: 'Questions and Answers': 2515, Madam Meraj Humayun, not present, it lapses.

2515 _ محترمہ معراج ہمایون خان: کیا وزیر صنعت و حرفت ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ گورنمنٹ سرحد ڈیویلپمنٹ اتھارٹی کو بند کرنے کا ارادہ رکھتی ہے؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو برائے مہربانی تمام اثاثوں اور ورکرز کے بارے میں تفصیلات مہیا کی جائیں اور ان اثاثوں اور ورکرز کے بارے میں کیا فیصلہ ہوا ہے؟

جناب عبدالکریم (معاون خصوصی برائے صنعت و حرفت): (الف) جی ہاں۔

(ب) صوبہ میں موجود صنعتی بستیوں کی حالت کو بہتر اور جدید دور کے تقاضوں کے مطابق ہم آہنگ کرنا صوبائی حکومت کے ریفارمز ایجنڈا کا اہم جز ہے، اس ضمن میں صوبے میں اکنامک زونز ڈیویلپمنٹ اینڈ مینجمنٹ کمپنی کا قیام عمل میں لایا جا چکا ہے جو بتدریج ان تمام امور کی ذمہ داری سنبھال رہی ہے جو پہلے ایس ڈی اے کیا کرتی تھی۔ ایس ڈی اے کے اثاثہ جات کے تخمینے کیلئے چارٹرڈ اکاؤنٹنٹ فرم ہائر کر رہی ہے اور ملازمین جن کی تعداد 310 ہے، ان کے بارے میں فیصلہ بھی اسی فرم کی سفارشات کی روشنی میں کیا جائے گا۔

Mr. Speaker: 2562-----

جناب محمد شیراز: جناب سپیکر!

جناب سپیکر: محمد شیراز خان۔

جناب محمد شیراز: جناب سپیکر! ہال میں کورم پورا نہیں ہے۔

جناب سپیکر: جی؟

جناب محمد شیراز: کورم نہیں ہے۔

جناب سپیکر: دو منٹ کیلئے گھنٹی بجائی جائے۔

(اس مرحلہ پر گھنٹیاں بجائی گئیں)

جناب سپیکر: دو منٹ ہو گئے ہیں، یہ حاضری گن لیں۔

(اس مرحلہ پر گنتی کی گئی)

جناب سپیکر: چونکہ کورم پورا نہیں ہے تو میں اجلاس کو کل کیلئے Adjourn کرتا ہوں۔ یہ ٹائم اور یہی ایجنڈا ہو گا کل کیلئے، اور ممبران سے ریکویسٹ بھی ہے کہ کل ساڑھے دس بجے ہماری فارن پالیسی پہ بریفنگ ہے جو فارن آفس کے لوگ آئیں گے تو سب سے ریکویسٹ ہے کہ ساڑھے دس بجے وہ تشریف لائیں۔

(اجلاس بروز منگل مورخہ 17 نومبر 2015ء بعداز دوپہر تین بجے تک کیلئے ملتوی ہو گیا)